آزاد جموں و کشمیر بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سکینڈری ایجوکیشن میرپور

پریس ریلیز!

آزاد جموں و کشمیر تعلیمی بورڈ نے امتحان انٹرمیڈیٹ سال اوّل فرسٹ اینول 2025ء کے نتائج کا اعلان 31 اکتوبر 2025 کو کیا۔ نتائج کے دو دن بعد سوشل میڈیا پر ان نتائج پر اٹھنے والے سوالات پر مجاز اتھارٹی نے کالجز کی سطح سے ماہرین مضامین پر مشتمل جوابی کاپیوں کی جانچ پڑتال کیلئے زیر نمبر بورڈ/انٹر/امتحانات/76-5565/2025 مورخہ 04-11-2025 کمیٹی تشکیل دی۔

کمیٹی نے مورخہ 06 تا 08 نومبر 2025 تک رینڈم سیمپلنگ فارمولے کے تحت حصہ انشائیہ سکین شدہ جوابی کاپیوں کی MOCK مارکنگ کر کے رپورٹ جمع کروائی۔ مورخہ 11-11-2025 کو مجاز اتھارٹی بورڈ کے حکم پر لوکل جانچ پڑتال کمیٹی کی مارک شدہ جوابی کاپیوں اور مزید چند ایک جوابی کاپیوں کی جانچ پڑتال/Evaluation کروانے کیلئے تا کہ شفافیت کو یقینی بنایا جائے۔ مجاز اتھارٹی نے جناب چیئرمین فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ و سیکنڈری ایجوکیشن اسلام آباد کو ایک مراسلہ برائے جانچ پڑتال ای۔ مارکنگ تحریر کیا۔ فیڈرل بورڈ نے اپنی کمیٹی سے مورخہ 11 تا 12 نومبر 2025ء کو انہی جوابی کاپیوں کی جانچ پڑتال/Evaluation کروائی اور مورخہ 12-11-2025 کو فیڈرل بورڈ کی طرف سے مارکنگ کے معیار کے متعلق رپورٹ بورڈ ہذا کو ارسال کی گئی اور مارکنگ کے معیار کو تسلی بخش قرار دیا۔

مارکنگ کے معیار کا موازنہ تشکیل شدہ کمیٹی AJK بورڈ اور فیڈرل بورڈ کمیٹی اسلام آباد کیا گیا۔ جو بذیل ہے۔

1۔ مضمون فزکس کی 36 جوابی کاپیوں کی لوکل جانچ پڑتال کمیٹی نے جانچ پڑتال کی۔ لوکل جانچ پڑتال کمیٹی کے مطابق 16 جوابی کاپیوں کے نمبرات ای۔ مارکنگ کے مقابلے میں زیادہ ہوئے۔ اور نمبرات کا انڈکس ±5 کے اندر رہا سوائے دو کاپیوں کے، جن کو فیڈرل بورڈ کمیٹی نے ±5 کے اندر قرار دیا۔ 14 جوابی کاپیوں کے نمبرات ای۔ مارکنگ کے مقابلے میں کم ہوئے جن کا فرق 1 سے 4 نمبرات کا ہے۔ ان جوابی کاپیوں کو بھی فیڈرل بورڈ کمیٹی نے ±5 کے اندر قرار دیا اس طرح ان 30 جوابی کاپیوں میں فرق نیچرل انڈکس ±5 کے اندر رہا۔ اور لوکل جانچ پڑتال کمیٹی کے مطابق 6 جوابی کاپیوں کے نمبرات بالکل درست ہیں جبکہ انہی 6 جوابی کاپیوں میں سے 2 جوابی کاپیوں میں فیڈرل بورڈ کے مطابق 1 سے 2 نمبرات کا فرق ہے جو کہ فطری ہے۔ اس طرح فیڈرل بورڈ کمیٹی نے مضمون فزکس کی مجموعی مارکنگ کو تسلی بخش قرار دیا۔

2۔ مضمون کیمسٹری کی جانچ پڑتال کمیٹی نے 39 جوابی کاپیوں کی جانچ پڑتال کی۔ جن میں سے 14 جوابی کاپیوں میں کوئی فرق نہ ہے۔ 7 جوابی کاپیوں میں فرق 1 نمبر کا ہے۔ 6 جوابی کاپیوں میں فرق 2 سے 5 نمبر کا ہے جبکہ 2 کاپیوں میں فرق 6 اور 8 نمبر کا ہے جبکہ انہی دو کاپیوں کی فیڈرل بورڈ کمیٹی کی جانچ پڑتال کے مطابق 4.5 اور 5 ہے جو کہ ±5 انڈکس کے اندر ہے اور فطری ہے۔ 1 کاپی جس میں نمایاں فرق دکھایا گیا تھا سپر چیکنگ میں پہلے ہی یکسو ہو چکی تھی۔ لہذا فیڈرل بورڈ کمیٹی نے مضمون کیمسٹری پارٹ اول کی ای مارکنگ کو مجموعی طور پر تسلی بخش قرار دیا ہے۔ رپورٹ لف ہے۔

3۔ مضمون بیالوجی کی جانچ پڑتال کمیٹی نے 35 جوابی کاپیوں کی جانچ پڑتال کی۔ 33 جوابی کاپیوں میں فرق نیچرل انڈکس ±5 کے اندر ہے جبکہ 2 جوابی کاپیوں میں فرق 7.5 اور 8.5 ہے اور ان دو جوابی کاپیوں کی فیڈرل بورڈ کمیٹی کی جانچ پڑتال میں فرق 3 اور 4 نمبرات کا ہے۔ اور 33 جوابی کاپیوں کی فیڈرل بورڈ کی سطح پر جانچ پڑتال کے مطابق نمبرات نیچرل انڈکس ±5 کے اندر ہیں جو کہ فطری ہیں۔ لہذا فیڈرل بورڈ کمیٹی نے مضمون بیالوجی پارٹ اول کی ای مارکنگ کو مجموعی طور پر تسلی بخش قرار دیا ہے۔ یاد رہے کہ معزز عدالت العظمیٰ کے فیصلہ مصدرہ 10-03-2025 کے مطابق رزلٹ کی اشاعت کے بعد کسی قسم کی ری مارکنگ/رزلٹ میں تبدیلی سوائے درست اکاؤنٹنگ اور اَن مارک حصہ کو مارک کرنے کے نہیں کی جا سکتی۔

4۔ کمپیوٹر سائنس مضمون کی نتائج کی اشاعت سے قبل رینڈم پڑتال کروائی گئی۔ اس پڑتال پر ماہرین مضامین نے جو رپورٹ دی اس میں انہوں نے مارکنگ کے معیار کو تسلی بخش قرار دیا۔ لوکل جانچ پڑتال کمیٹی نے 94 جوابی کاپیوں کی پڑتال کی۔ جن میں سے 37 جوابی کاپیوں میں فرق پایا گیا۔ جو نیچرل انڈکس ±5 کے اندر رہا۔ انہی جوابی کاپیوں کو فیڈرل بورڈ کمیٹی نے فطری فرق ±5 کے مطابق قرار دیا۔ اس طرح فیڈرل بورڈ کی کمیٹی اور تعلیمی بورڈ کی مضمون کمپیوٹر کی مارکنگ میں فرق نیچرل انڈکس کے اندر رہا اور مجموعی رپورٹ میں فیڈرل بورڈ نے مارکنگ کے معیار کو نرم (Lenient) اور Generosity Based قرار دیا۔

CamScanner

5۔ مضمون انگریزی کی مارکنگ کو دونوں کمیٹیوں نے نرم (Lenient) اور Generosity Based قرار دیا۔

6۔ OMR ریڈنگ میں طلبہ کی طرف سے غلط ورژن اور درست ببل Fill نہ کرنے پر ری چیکنگ کے دوران معاملہ یکسو کیا جا چکا ہے۔ معزز عدالت العظمیٰ کے مطابق تعلیمی بورڈ میر پور کو فیڈرل بورڈ اسلام آباد کو من وعن Follow کرنا ہے۔ اس ضمن میں AJK بورڈ اور فیڈرل بورڈ کے درمیان ٹیکنالوجی اور امتحانی / مارکنگ پروسیجر کے ایکسچینج کے ضمن میں ایک معاہدہ بہت جلد طے پانے والا ہے۔ تعلیمی بورڈ میر پور اپنے طلبہ و طالبات کو جدید دور کے تقاضوں کے عین مطابق بہترین نتائج فراہم کرنے کیلئے دن رات کوشاں ہے۔

11-12-2025

کنٹرولر امتحانات کالجز

نمبر بورڈ/انٹر/10224/2025 مورخہ: 11-12-2025

CamScanner

FEDERAL BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION, H-8/4, ISLAMABAD

Marking Analysis Report

Date:11/11/2025

The examiner employed a consistently lenient marking approach. The marking approach demonstrates an emphasis on rewarding candidate effort and maximizing credit for responses. The examiner consistently employed a generous, holistic interpretation of the rubrics, granting full credit where student responses demonstrated a clear conceptual understanding, even if minor technical flaws were present.

Mr. Muhammad Ikram	Mr.Muhammad Tariq	Dr. Shahid Iqbal Farooqi
(Physics Examiner)	(Biology Examiner)	(Chemistry Examiner)
Mr. Nasir Mahmood	Mr. Muhammad Usman	
(English Examiner)	(Computer Science Examiner)	

CamScanner